
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 7 نومبر 2025

# شادی شدہ پاکستانیوں کی اکثریت (59% ) کا ماننا ہے کہ شوہر اور بیوی کے درمیان ہونے والی لڑائی میں دونوں شریکِ حیات یکساں طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں۔






پ کے خیال میں شوہر/بیوی میں ہونے والی لڑائی کا عموماً ذمہ دار کون ہوتا ہے ؟

Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## شادی

پاکستان میں شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے حوالے سے جاری ہونے والی "تیسری" پریس ریلیز

"پاکستان میں ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری"

## شادی شدہ پاکستانیوں کی اکثریت (59%) کا ماننا ہے کہ شوہر اور بیوی کے درمیان ہونے والی لڑائی میں دونوں شریک حیات یکساں طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد) ،07 نومبر 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، شادی شدہ پاکستانیوں کی اکثریت (59%) کا ماننا ہے کہ شوہر اور بیوی کے درمیان ہونے والی لڑائی میں دونوں شریک حیات یکساں طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور گھریلو سلوک واتفاق کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس سیریز کی پہلی پریس ریلیز "گزشتہ ہفتے کے دوران شوہر/ بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑا" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں، اور پچھلی پریس ریلیز "ازدواجی تعلقات/تنازعات کا حل" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب شادی شدہ خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں شوہر/ بیوی میں ہونے والی لڑائی کا عموماً ذمہ دار کون ہوتا ہے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، پاکستانی جوابدہندگان کی اکثریت (59%) کے مطابق میاں بیوی میں ہونے والی لڑائی کے عموماً ذمہ دار "دونوں" شریک حیات ہوتے ہیں،12% جوابدہندگان نے لڑائی کا ذمہ دار "شوہر" کو ٹھہرایا، جبکہ 6% نے "بیوی" کو اس کا ذمہ دار قرار دیا۔ تقریباً 17% کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں، جبکہ 6% نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی عوام کی اکثریت ازدواجی تنازعات کی ذمہ داری کسی ایک فرد پر ڈالنے کے بجائے دونوں شریک حیات کو لڑائی کا مشترکہ ذمہ دار سمجھتی ہے۔ شوہر اور بیوی دونوں کو لڑائی کا ذمہ دار قرار دینے والے جوابدہندگان کا نمایاں تناسب اس رجحان کی عکاسی کرتا ہے کہ معاشرے میں گھریلو تعلقات کے حوالے سے ایک متوازن، حقیقت پسندانہ اور غیر جانبدارانہ نقطۂ نظر پایا جاتا ہے۔

**" آپ کے خیال میں شوہر/ بیوی میں ہونے والی لڑائی کا عموماً ذمہ دار کون ہوتا ہے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 579 شادی شدہ خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** مرد و خواتین کے نتائج کا درمیانی فرق ایک تفصیلی اور جامع تصویر پیش کرتا ہے۔ شوہر اور بیوی کے درمیان ہونے والی لڑائی میں دونوں شریک حیات کو یکساں ذمہ دار ٹھہرانے کے حوالے سے شرح خواتین (49%) کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پائی گئی (70%)۔اس کے برعکس، خواتین کی زیادہ شرح "شوہر" کو میاں بیوی میں ہونے والی لڑائی کا زیادہ ذمہ دار ٹھہراتی ہے (15%)، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 9% رہی۔ مزید برآں، 22% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، جو گھریلو معاملات پر اظہارِ رائے میں خواتین کے درمیان زیادہ ہچکچاہٹ یا کوئی بھی رائے دینے سے گریز کرنے کے رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 7th November 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)